وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا وَّلَا تَفَرَّقُوا

اور اللہ کی رسی کو ملکر مضبوطی سے تھام لو اور تفرقے میں مت پڑو

مَنْ كَانَ فِي حَاجَةِ أَخِيهِ كَانَ اللّٰهُ فِي حَاجَتِهِ

جو شخص اپنے بھائی کی حاجت روائی میں لگا رہے گا اللہ اسکی حاجت پوری کرے گا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ

المصطفیٰ ﷺ مرکز

اغراض ومقاصد

فقط اللہ کی عبادت

وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا

ترجمہ۔اور صرف اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناؤ (سورۃ النساء ۳۶)

محبت واطاعت مصطفیٰ ﷺ کی

قُلْ إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّونَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُونِي

ترجمہ۔اے نبی ﷺ! آپ ان سے کہہ دیں کہ اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری اتباع کرو (آل عمران ۳۱)

اللہ کی مخلوق کی خدمت

ارْحَمُوا مَنْ فِي الْأَرْضِ يَرْحَمْكُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ

ترجمہ۔تم زمین والوں پر رحم کرو آسمان والا تم پر رحم کرے گا (بخاری)

المصطفیٰ ﷺ مرکز کے رہنما اصول

جو کام زیادہ کرنے ہیں

★ **قرآن وسنت پر عمل اور دعوت:** ترجمہ۔اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرتا رہے گا اور اللہ سے ڈرتا رہے گا اور پرہیزگاری اختیار کرے گا تو ایسے ہی لوگ کامیاب ہیں (النور ۵۲)

★ **مسلم امہ سے فرقہ پرستی وتعصّبات کے خاتمے کی کوشش:** ترجمہ۔تم سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور تفرقے میں مت پڑو۔(آل عمران ۱۰۳)

★ **فلاح واتحاد امت کی کوشش:** ترجمہ۔تم میں سے کوئی اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک تم اپنے بھائی کیلئے وہ پسند نہ کرو جو اپنے لئے پسند کرتے ہو۔(مسلم)

★ **فکر آخرت:** ترجمہ۔جو آخرت کی کھیتی کا طالب ہے ہم اس کی کھیتی میں ترقی دیں گے۔(الشوریٰ ۲۰)

جو کام بالکل نہیں کرنے

★ **شرک:** ترجمہ۔کہہ دو کہ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ کی عبادت کروں اور اس کے ساتھ شریک نہ کروں (الرعد ۳۶)

★ **بدعت:** ترجمہ۔ہر بدعت گمراہی ہے اور ہر گمراہی جہنم میں لے جائے گی۔(مسلم)

★ **ظلم:** ترجمہ۔کامل مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ ہوں۔(بخاری)

★ **حقوق العباد میں کوتاہی:** ترجمہ۔اور والدین کے ساتھ احسان کرو اور رشتہ دارں، یتیموں، مساکین اور قرابت دار ہمسایہ اور غیر قرابت دار ہمسایہ (النساء ۳۶)

جن کا ادب کرنا ہے

★ **اہل بیتِ اطہار:** ترجمہ۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دوست رکھو اللہ تعالیٰ کو اس لئے کہ وہ تم کو نعمتیں کھلاتا ہے اور دوست رکھو مجھے اللہ کیلئے اور دوست رکھو میرے اہل بیت کو میرے لئے۔(ترمذی)

★ **صحابہ کرام:** ترجمہ۔مہاجر وانصار میں سبقت لے جانے والے اور سب سے پہلے ایمان لانے والے جنہوں نے نیکی میں (ان کی) اتباع کی۔اللہ سب سے راضی ہوگیا اور وہ اللہ سے راضی ہوگئے۔(التوبہ ۱۰۰)

★ **اولیاء کرام:** ترجمہ۔اللہ کے نیک بندوں میں بعض ایسے بھی ہیں کہ اگر اللہ پر قسم کھالیں تو اللہ پوری کر دیتا ہے (مسلم)

★ **علماء کرام:** علماء انبیاء کے وارث ہیں۔(ابوداؤد)

المصطفیٰ مرکز

★ قرآن وسنت کی دعوت وتبلیغ وبالادستی
★ اتحاد وفلاح امت
★ اُمت سے فرقہ پرستی وتعصّبات کا خاتمہ

★ تعلیم مصطفیٰ ﷺ دعوت وتبلیغ پروگرام ★ شارع فاروق رضی اللہ عنہ صحت پروگرام
★ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا تعلیمی پروگرام (طالبات) ★ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ تعلیمی پروگرام (طلبا)
★ عثمان غنی رضی اللہ عنہ کفالت پروگرام ★ علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ لائبریری ★ مسجد النور ★

چک شاہ پور، جنڈیالہ شیر خان روڈ، شیخوپورہ۔پاکستان

رابطہ نمبر: 0321-4110922
0300-5115922

تعلیم مصطفیٰ ﷺ
کتب کے لیے سکین کریں۔